وژن

مالیاتی منڈیوں میں شرعی اصولوں کے مطابق اسلامی مالیاتی مواقع فراہم کرنا جن سے صارفین کا نہ صرف خاطرخواہ اطمینان حاصل ہوسکے بلکہ ان کے ساتھ پائیدار کاروباری تعلقات کوقائم کیا جاسکے۔

مشن

ایک ایسے اسلامی مالیاتی ادارے کا فروغ جہاں بہترین حسنِ انتظام پیشہ وارانہ مہارت، انسانی وسائل کی ترقی کوملحوظ خاطر رکھتے ہوئے تمام وابستہ افراداوراداروں کے مفادات کاتحفظ کیا جاسکے۔

ہمارا تعارف

فرسٹ نیشنل بینک مضاربہ ایک کثیر المقاصد اور دوامی مضاربہ ہے۔ یہ دسمبر2003ء میں قائم ہوا۔اس کا مکمل انتظام نیشنل بینک مضاربہ مینجمنٹ کمپنی لمٹیڈ کے پاس ہے۔ جوکہ نیشنل بینک کی ایک ذیلی کمپنی ہے۔فرسٹ نیشنل بینک مضاربہ اسلامی اصولوں پر کاربند رہتے ہوئے کام کرتا ہے۔اس کو ایک ایسی ٹیم چلارہی ہے جوکہ تجربہ کار اور پیشہ وارانہ عملے پر مشتمل ہے۔ جوکہ اسلامی مالیات میں خاص مہارت رکھتے ہیں۔

فرسٹ نیشنل بینک مضاربہ مختلف شعبہ جات سے متعلق صنعت کاروں، تاجروں اور صارفین کو اسلامی اور شرعی اصولوں کے مطابق مالیاتی خدمات مہیا کرنے پر کاربند رہتا ہے۔

آپ فرسٹ نیشنل بینک مضاربہ کے پاس بے مثل خدمات اور خاص مراعات کی توقع کرسکتے ہیں۔آج کل فرسٹ نیشنل بینک مضاربہ اسلامی مالیاتی اصولوں کے مطابق اجارہ اور مشارکہ مالیاتی طریقہ کاروں کے ذریعہ مختلف قسم کی گاڑیوں اور دیگر ساز وسامان میں سرمایہ کاری کررہا ہے۔

بورڈ آف ڈائریکٹرز

جناب وجاہت ۔اے۔ بقائی۔

B. E. Mechanical از انجینئرنگ یونیورسٹی اینڈ ٹیکنالوجی اور ایم ایس مینجمنٹ از یو ایس اے بینکاری میں 27 سالہ وسیع اور متنوع تجربہ کے حامل ہیں۔حالیہ نیشنل بینک آف پاکستان SEVP کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔

جناب خواجہ امین الاعظم،ڈائریکٹر:

جناب خواجہ امین الاعظم بینکاری میں انتظامی عہدوں پر 15 سال سے زائد تجربہ رکھتے ہیں۔حالیہ نیشنل بینک آف پاکستان، اسلامک بینکنگ گروپ بطور گروپ ہیڈ فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔

جناب خواجہ وحید رضا،ڈائریکٹر:

ایم ایس سی اور اسٹریٹیجک اسٹڈیز میں ڈگری حاصل کی۔انہوں نے 38 سال مختلف ممالک میں متنوع فرائض انجام دیئے اور حبیب بینک لمیٹڈ، یونائیٹڈ بینک لمیٹڈ اور الائیڈ بینک لمیٹڈ میں سینئر ایگزیکٹو نائب صدر کے طور پر خدمات انجام دیں۔

جناب سید مصطفیٰ کمال،ڈائریکٹر:

انہوں نے بزنس ایڈمنسٹریشن کی امریکہ سے گریجویٹ ڈگری حاصل کی۔ پیشے کے لحاظ سے انتظامی مشیر ہیں۔انہوں نے حکمت عملی کے ساتھ آپریشنل سطح پر انٹرپرائز کے انتظام اور اسلامی مالیات میں فعال تجربہ کے ہے اور ساتھ ساتھ پیشہ وارانہ خدمات بھی انجام دیں۔

جناب جمال نسیم،ڈائریکٹر:

انسٹیٹیوٹ آف مینجمنٹ و نیلا سے ایم بی اے کی ڈگری حاصل کی۔ بینکاری میں اعلیٰ سطح پر فرائض کی انجام دہی میں وسیع تجربہ کے حامل ہیں۔حالیہ چیئرمین اور IDBP کے مینیجنگ ڈائریکٹر (قائم مقام) ہیں۔

جناب اقبال حسین، ڈائریکٹر:

جناب اقبال حسین یونیورسٹی آف پنجاب سے معاشیات سے ماسٹرز ڈگری کے حامل ہیں۔ اپنی 35 سالہ سرکاری ملازمت میں اعلیٰ عہدوں پر فائز رہے۔ ملازمت کے آخری پانچ سال منسٹری آف فنانس میں بحیثیت سینئر جوائنٹ سیکرٹری خدمات سرانجام دیں۔ علاوہ ازیں مختلف حکومتی مالیاتی اداروں میں ڈائریکٹرشپ کا وسیع تجربہ رکھتے ہیں۔

جناب خاقان حسنین ابراہیم، CEO/MD:

ایم بی اے (مارکیٹنگ بزنس ایڈمنسٹریشن) کی ڈگری حاصل کی۔ ANZ GRINDLAYS BANK کے ساتھ اپنے کیریئر کا آغاز کیا۔ بینک آف پنجاب میں اسلامک بینکنگ کا نظام شروع کرنے کا اعزاز رکھتے ہیں۔ علاوہ ازیں فرسٹ پنجاب مضاربہ کے چیف ایگزیکٹو کی حیثیت سے چار سال سے زائد اپنے فرائض انجام دیتے رہے۔ گزشتہ 40 سال سے مالیاتی امور سے وابستہ متنوع فرائض انجام دے رہے ہیں۔

مینجمنٹ

جناب عباس اعظم، کمپنی سیکرٹری / سی ایف او:

جناب عباس اعظم FCCA اور چارٹرڈ اکاؤنٹینٹ ہیں۔ مالیاتی نظام میں 10 سالہ تجربہ کے حامل ہیں۔ آڈٹ اور ٹیکسیشن میں اعلیٰ صلاحیتوں کے حامل ہیں۔

جناب نصرت رشید، مارکیٹنگ ہیڈ:

جناب نصرت الرشید یونیورسٹی آف پنجاب سے ایم بی اے ہیں۔ اکاؤنٹس فنانس اور کریڈٹ کے شعبوں میں فرائض کی انجام دہی میں 16 سالہ تجربہ رکھتے ہیں۔

نادیہ جلیل، چیف رسک آفیسر (سی آر او):

ایم ایس سی (Statistics) یونیورسٹی آف پنجاب سے گولڈ میڈلسٹ ہیں۔ وہ رسک کے امور اور شریعت کے اصولوں پر دسترس رکھتی ہیں۔

جناب شان محمد، مینیجر اکاؤنٹس / رسک اینڈ کمپلائنس:

جناب شان محمد برطانیہ سے ایم بی اے (فنانس اور ACCA) ڈگری کے حامل ہیں۔ اکاؤنٹ اور فنانس میں دو سالہ تجربہ رکھتے ہیں ICAEW زیر تعلیم ہیں۔

فرح اسلم، فنانس ہیڈ:

مس فرح اسلم یونیورسٹی آف پنجاب سے ACCA اور ایم بی اے (بینکنگ اور فنانس) کی ڈگری کی حامل ہیں۔ مالیاتی امور کا تین سالہ تجربہ رکھتی ہیں۔ اس وقت بینکوں کے ساتھ روابطی امور کے فرائض انجام دے رہی ہیں۔

علی عباس، آڈٹ ہیڈ:

جناب علی عباس مالیاتی شعبہ میں آڈٹ کا دس سال سے زائد تجربہ رکھتے ہیں۔ موجودہ فرائض میں بحیثیت انٹرنل آڈیٹر کے عہدہ پر فائز ہیں۔ آڈٹ فرم Dellote کے ساتھ کام کرنے کا چار سالہ متنوع تجربہ بھی ہے۔

شریعہ ایڈوائزر	احسان وقار احمد
آڈیٹرز	ریاض احمد اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس
لیگل ایڈوائزر	کارنیلئس لین اینڈ مفتی ایڈووکیٹس اینڈ سالیسٹرز نوائے وقت ہاؤس، 4۔شاہراہ فاطمہ جناح، لاہور۔ فون: 042-36360824 فیکس:042-36303301
شیئرز رجسٹرار	حمید مجید ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ ایچ۔ایم ہاؤس، 7۔بینک سکوائر، لاہور فون: 2-042-37235081 فیکس:042-37358817
رجسٹرڈ آفس	5 فلور، این بی پی آر ایچ کیوز بلڈنگ، 26 میکلیگن روڈ، لاہور۔ فون: 042-99211200 فیکس: 042-99213247